# جب آپ ہماری سروسز کا استعمال کرتے ہیں تو آپ اپنی معلومات کے حوالے سے ہم پر اعتماد کرتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ایک بڑی ذمہ داری ہے اور آپ کی معلومات کی حفاظت کے لئے سخت محنت کرتے ہیں اور آپ کو کنٹرول فراہم کرتے ہیں۔

رازداری کی اس پالیسی کا مقصد ہے کہ آپ کو یہ سمجھنے میں مدد ملے کہ ہم کون سی معلومات جمع کرتے ہیں، ہم اسے کیوں جمع کرتے ہیں اور آپ کیسے اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ، نظم، برآمد اور حذف کر سکتے ہیں۔

مؤثر 25 مئی، 2018

آرکائیو کردہ ورژنز

---

ہم ایسی بہت سی سروسز تیار کرتے ہیں جو روزانہ نئے طریقے سے دنیا دریافت کرنے اور لوگوں کے ساتھ تعامل کرنے میں لاکھوں لوگوں کی مدد کرتی ہیں۔ ہماری سروسز درجہ ذیل پر مشتمل ہیں:

- Google ایپس، سائٹس اور آلات جیسے کہ تلاش، YouTube اور Google Home
- Chrome براؤزر اور Android آپریٹنگ سسٹم جیسے پلیٹ فارمز
- وہ پروڈکٹس جو فریق ثالث کی ایپس اور سائٹس میں ضم ہوتے ہیں جیسے کہ اشتہارات اور سرایت کردہ Google Maps

اپنی رازداری کا نظم کرنے کے لئے آپ ہماری سروسز کا استعمال مختلف طریقے سے کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ ای میلز اور تصاویر جیسے مواد بنانا اور ان کا نظم کرنا چاہتے ہیں یا مزید متعلقہ تلاش کے نتائج دیکھنا چاہتے ہیں تو آپ Google اکاؤنٹ کے لئے سائن اپ کر سکتے ہیں۔ اور سائن آؤٹ ہو کر یا کوئی اکاؤنٹ بنائے بغیر ہی آپ Google کی بہت ساری سروسز کا استعمال کر سکتے ہیں جیسے کہ Google پر تلاش کرنا یا YouTube ویڈیوز دیکھنا۔ آپ انکاگنیٹو موڈ میں Chrome کا استعمال کر کے خفیہ طور پر ویب براؤز کرنے کا بھی انتخاب کر سکتے ہیں۔ اور ہماری سروسز میں آپ اپنی رازداری کی ترتیبات ایڈجسٹ کر سکتے ہیں تاکہ آپ یہ کنٹرول کر سکیں کہ ہم کیا جمع کرتے ہیں اور آپ کی معلومات کا کیسے استعمال کیا جاتا ہے۔

حتی الامکان واضح طور پر چیزوں کی وضاحت کرنے کے لئے ہم نے کلیدی اصطلاحات کے لئے مثالیں، وضاحتی ویڈیوز اور تعریفات شامل کی ہیں۔ اور اگر رازداری کی اس پالیسی کے بارے میں آپ کے پاس کوئی سوال ہے تو آپ ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں

---

## وہ معلومات جسے GOOGLE جمع کرتا ہے

# ہم چاہتے ہیں کہ آپ معلومات کی ان اقسام کے بارے میں جانیں جسے ہم تب جمع کرتے ہیں جب آپ ہماری سروسز کا استعمال کرتے ہیں

ہم اپنے سبھی صارفین کو بہتر سروسز فراہم کرنے کیلئے معلومات اکٹھا کرتے ہیں — بنیادی مواد جیسے آپ کون سی زبان بولتے ہیں کا اندازہ لگانے سے لے کر مزید پیچیدہ چیزوں تک جیسے کون سے اشتہارات آپ کو زیادہ مفید لگیں گے یا آن لائن آپ کیلئے انتہائی اہمیت رکھنے والے افراد یا YouTube کی کون سی ویڈیوز آپ کو پسند آ سکتی ہیں۔ جو معلومات Google جمع کرتا ہے اور کیسے وہ معلومات استعمال کی جاتی ہے، یہ اس پر منحصر ہوتا ہے کہ کیسے آپ ہماری سروسز استعمال کرتے ہیں اور کیسے آپ اپنے رازداری سے متعلق کنٹرولز کا نظم کرتے ہیں۔

جب آپ Google اکاؤنٹ میں سائن ان نہیں ہوتے ہیں تو ہم آپ کے زیر استعمال براؤزر، ایپلیکیشن یا آلہ سے وابستہ منفرد شناخت کاران کے ساتھ اپنی جمع کی جانے والی معلومات اسٹور کرتے ہیں۔ اس سے براؤزنگ سیشنز میں آپ کی زبان کی ترجیحات کو برقرار رکھنے جیسی چیزیں کرنے میں ہمیں مدد ملتی ہے۔

جب آپ سائن ان ہوتے ہیں تو ہم وہ معلومات بھی جمع کرتے ہیں جو ہم آپ کے Google اکاؤنٹ کے ساتھ اسٹور کرتے ہیں، جسے ہم ذاتی معلومات سمجھتے ہیں۔

## وہ چیزیں جو آپ تخلیق کرتے ہیں یا ہمیں فراہم کرتے ہیں

جب آپ کوئی Google اکاؤنٹ بناتے ہیں تو آپ ہمیں ذاتی معلومات فراہم کرتے ہیں جس میں آپ کا نام اور پاس ورڈ شامل ہوتا ہے۔ آپ فون نمبر اور ادائیگی کی معلومات بھی اپنے اکاؤنٹ میں شامل کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اگرچہ آپ اپنے Google اکاؤنٹ میں سائن ان نہ ہوں، تب بھی آپ ہماری سروسز کے بارے میں اپ ڈیٹس موصول کرنے کے لئے ای میل پتہ جیسی — معلومات ہمیں فراہم کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

ہم وہ مواد بھی جمع کرتے ہیں جو آپ ہماری سروسز استعمال کرنے کے دوران بناتے، اپ لوڈ کرتے یا دوسروں سے موصول کرتے ہیں۔ اس میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں: آپ کی لکھی جانے والی اور موصول کی جانے والی ای میل، آپ کی محفوظ کی جانے والی تصاویر اور ویڈیوز، آپ کی بنائی جانے والی اسپریڈشیٹس اور دستاویزات اور YouTube ویڈیوز پر آپ کے کئے گئے تبصرے۔

# جب آپ ہماری سروسز استعمال کرتے ہیں تو ہماری طرف سے جمع کی جانے والی معلومات

### آپ کی ایپس، براؤزرز اور آلات

Google سروسز تک رسائی کرنے کے لئے آپ جن ایپس، براؤزرز اور آلات کا استعمال کرتے ہیں ہم ان کے بارے میں معلومات جمع کرتے ہیں جس سے ہمیں بہتر خصوصیات فراہم کرنے میں مدد ملتی ہے جیسے کہ خودکار پروڈکٹ کے اپ ڈیٹس اور بیٹری کم ہونے پر آپ کی

اسکرین کو مدہم کرنا۔

وہ معلومات جو ہم جمع کرتے ہیں منفرد شناخت کاران، براؤز کی قسم اور ترتیبات، آلہ کی قسم اور ترتیبات، آپریٹنگ سسٹم، موبائل نیٹ ورک کی معلومات پر مشتمل ہوتی ہے، بشمول کیریئر نام اور فون نمبر اور ایپلیکیشن ورژن نمبر۔ ہم آپ کی ایپس، براؤزرز اور آلات کے ہماری سروسز کے ساتھ تعامل کے بارے میں بھی معلومات جمع کرتے ہیں، بشمول IP پتہ، کریش رپورٹس، سسٹم سرگرمی، اور تاریخ، وقت اور آپ کی درخواست کا حوالہ دہندہ URL۔

جب آپ کے آلہ پر کوئی Google سروس ہمارے سرورز سے رابطہ کرتی ہے تو ہم یہ معلومات جمع کرتے ہیں — مثال کے طور پر، جب آپ Play Store سے کوئی ایپ انسٹال کرتے ہیں یا جب کوئی سروس خودکار اپ ڈیٹس چیک کرتی ہے۔ اگر آپ Google ایپس کے ساتھ Android آلہ استعمال کر رہے ہیں تو آپ کا آلہ آپ کے آلہ اور ہماری سروسز سے کنکشن کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے لئے Google سرورز سے وقتاً فوقتاً رابطہ کرتا ہے۔ یہ معلومات آپ کے آلہ کی قسم، کیریئر نام، کریش رپورٹس اور کون سی ایپس آپ نے انسٹال کی ہیں جیسی چیزوں پر مشتمل ہوتی ہے۔

## آپ کی سرگرمی

ہماری سروسز میں آپ کی سرگرمی کے بارے میں ہم معلومات جمع کرتے ہیں، جسے ہم آپ کو پسند آ سکنے والی YouTube ویڈیو کی تجویز پیش کرنے جیسی چیزیں کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ سرگرمی کی معلومات جو ہم جمع کرتے ہیں وہ درج ذیل پر مشتمل ہو سکتی ہیں:

- آپ کی تلاش کی جانے والی اصطلاحات
- ویڈیوز جو آپ دیکھتے ہیں
- مواد اور اشتہارات کے ساتھ ملاحظات اور تعاملات
- آپ کے آڈیو خصوصیات استعمال کرنے پر آواز اور آڈیو کی معلومات
- خریداری کی سرگرمی
- وہ لوگ جن کے ساتھ آپ مواصلات کرتے ہیں یا مواد کا اشتراک کرتے ہیں
- فریق ثالث کی سائٹس اور ایپس کی سرگرمی جو ہماری سروسز استعمال کرتی ہیں
- Chrome براؤز کرنے کی سرگزشت جسے آپ نے اپنے Google اکاؤنٹ کے ساتھ مطابقت پذیر کیا ہے

اگر آپ کالز کرنے اور موصول کرنے یا پیغامات بھیجنے اور موصول کرنے کے لئے ہماری سروسز استعمال کرتے ہیں تو ہم ٹیلیفون کے لاگ کی معلومات جمع کر سکتے ہیں جیسے آپ کا فون نمبر، کال کرنے والے فریق کا نمبر، وصول کرنے والے فریق کا نمبر، فارورڈنگ نمبرز، کالز اور پیغامات کا وقت اور تاریخ، کالوں کا دورانیہ، روٹنگ کی معلومات اور کالز کی قسمیں۔

آپ کے اکاؤنٹ میں اسٹور کردہ سرگرمی کی معلومات تلاش کرنے اور نظم کرنے کے لئے آپ اپنا Google اکاؤنٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

## آپ کے مقام کی معلومات

جب آپ ہماری سروسز استعمال کرتے ہیں تو ہم آپ کے مقام کے بارے میں معلومات جمع کرتے ہیں، جس سے ہمیں آپ کے ویک اینڈ منانے کے مقامات کے لئے ڈرائیونگ کی ڈائریکشنز یا آپ کے قریب میں چلنے والی فلموں کے شو کے اوقات جیسی خصوصیات پیش کرنے میں مدد ملتی ہے۔

آپ کے مقام کا تعین مختلف درجوں کی درستگی کے ساتھ درج ذیل کے ذریعے کیا جا سکتا ہے:

- GPS
- IP پتہ
- آپ کے آلے کا سینسر ڈیٹا
- آپ کے آلے کے قریب کی چیزوں کے بارے میں معلومات جیسے کہ Wi-Fi رسائی کے پوائنٹس، سیل ٹاورز اور بلو ٹوتھ سے فعال کردہ آلات

مقام کے ڈیٹا کی اقسام جسے ہم جمع کرتے ہیں وہ جزوی طور پر آپ کے آلے اور اکاؤنٹ کی ترتیبات پر منحصر ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ آلے کی ترتیبات کی ایپ کے استعمال کے ذریعے اپنے Android آلے کا مقام آن یا آف کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے اکاؤنٹ میں اپنے مقام کی معلومات کو محفوظ اور منظم کرنا چاہتے ہیں تو آپ مقام کی سرگزشت آن بھی کر سکتے ہیں۔

---

کچھ معاملات میں Google عوامی طور پر رسائی کے قابل ذرائع سے بھی آپ کے بارے میں معلومات جمع کرتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کا نام مقامی اخبار میں ظاہر ہوتا ہے تو Google کا سرچ انجن اس مضمون کی فہرست بنا سکتا ہے اور دیگر لوگوں کو آپ کا نام تلاش کرنے پر دکھا سکتا ہے۔ ہم بھروسے مند پارٹنرز سے بھی آپ کے بارے میں معلومات جمع کر سکتے ہیں، بشمول مارکیٹنگ پارٹنرز جو ہماری کاروباری سروسز کے ممکنہ کسٹمرز کے بارے میں ہمیں معلومات فراہم کرتے ہیں اور سیکیورٹی پارٹنرز جو بیجا استعمال سے حفاظت کرنے کے لئے ہمیں معلومات فراہم کرتے ہیں۔ ہم مشتہرین کی جانب سے تشہیر اور تحقیق کی سروسز فراہم کرنے کے لئے مشتہرین سے بھی معلومات موصول کرتے ہیں۔

ہم معلومات اسٹور کرنے اور جمع کرنے کے لئے متعدد ٹیکنالوجیز کا استعمال کرتے ہیں، بشمول کوکیز، پکسل ٹیگز، مقامی اسٹوریج جیسے کہ براؤزر ویب اسٹوریج یا ایپلیکشن ڈیٹا کیشز، ڈیٹا بیسز اور سرور لاگز۔

---

GOOGLE ڈیٹا کیوں جمع کرتا ہے

# ہم بہتر سروسز بنانے کے لئے ڈیٹا استعمال کرتے ہیں

ہم درج ذیل مقاصد کے لئے سبھی سروسز سے جمع کی جانے والی معلومات کا استعمال کرتے ہیں:

## ہماری سروسز کی فراہمی

ہم اپنی سروسز فراہم کرنے کے لئے آپ کی معلومات استعمال کرتے ہیں، جیسے کہ نتائج لوٹانے کیلئے آپ کی تلاش کردہ اصطلاحات پر کارروائی کرنا یا آپ کے رابطوں سے وصول کنندگان تجویز کر کے مواد کا اشتراک کرنے میں آپ کی مدد کرنا۔

## ہماری سروسز کو برقرار رکھنا اور بہتر بنانا

ہم آپ کی معلومات اس لئے بھی استعمال کرتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہماری سروسز حسب منشا کام کر رہی ہیں، جیسے کہ آؤٹیجیز یعنی نظام کی غیر فعالیت کو ٹریک کرنا یا آپ کی طرف سے ہمیں اطلاع دیئے جانے والے مسائل کو حل کرنا۔ اور ہم اپنی سروسز میں بہتریاں کرنے کے لئے آپ کی معلومات استعمال کرتے ہیں، — مثال کے طور پر، یہ سمجھنے سے کہ کون سی اصطلاحات سب سے زیادہ بار غلط ہجے کی جاتی ہیں، ہمیں سروسز میں استعمال کی جانے والی املا کی جانچ کرنے والی خصوصیات کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔

## نئی سروسز بنانا

ہم نئی سروسز بنانے کے لئے موجودہ سروسز میں جمع کی جانے والی معلومات کا استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، لوگوں کے Google کی پہلی تصویری ایپ Picasa میں اپنی تصاویر منظم کرنے کا طریقہ سمجھنے سے ہمیں Google Photos ڈیزائن کرنے اور لانچ کرنے میں مدد ملی۔

## ذاتی نوعیت کی سروسز فراہم کرنا، بشمول مواد اور اشتہارات

ہم آپ کے لئے اپنی سروسز حسب ضرورت بنانے کے لئے جمع کردہ معلومات کا استعمال کرتے ہیں، بشمول تجاویز، ذاتی نوعیت کا مواد اور حسب ضرورت تلاش کے نتائج فراہم کرنا۔ مثال کے طور پر، سیکیور ٹی چیک اپ سیکیور ٹی کی تجاویز فراہم کرتا ہے جو آپ کے Google پروڈکٹس استعمال کرنے سے وابستہ ہوتی ہیں۔ اور Google Play آپ کو پسند آ سکنے والی نئی ایپس کی تجویز پیش کرنے کے لئے آپ کی پہلے سے انسٹال کردہ ایپس اور YouTube پر آپ کی دیکھی گئی ویڈیوز جیسی معلومات استعمال کرتا ہے۔

آپ کی ترتیبات کی بنیاد پر، ہم آپ کی دلچسپیوں پر مبنی ذاتی نوعیت کے اشتہارات بھی دکھا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ "ماؤنٹین بائکس" تلاش کرتے ہیں تو آپ کو Google کے پیش کردہ اشتہارات دکھانے والی سائٹ براؤز کرنے کے دوران کھیل کے سامان نظر آ سکتے ہیں۔ اپنی اشتہار کی ترتیبات ملاحظہ کر کے آپ کنٹرول کر سکتے ہیں کہ ہم آپ کو اشتہارات دکھانے کے لئے کون سی معلومات استعمال کریں۔

- ہم نسل، مذہب، جنسی رجحان یا صحت جیسے حساس زمروں پر مبنی ذاتی نوعیت کے اشتہارات آپ کو نہیں دکھاتے ہیں۔
- ہم مشتہرین کے ساتھ آپ کی ذاتی طور پر شناخت کرنے والی معلومات کا اشتراک نہیں کرتے ہیں، جیسے کہ آپ کا نام یا ای میل، الا یہ کہ آپ ہم سے ایسا کرنے کو کہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ قریبی گلدستہ کی دوکان کا اشتہار دیکھتے ہیں اور "کال کے لئے تھپتھپائیں" بٹن منتخب کرتے ہیں تو ہم آپ کی کال کو گلدستہ کی دوکان کے ساتھ منسلک کر دیں گے اور ہم اس کے ساتھ آپ کے فون نمبر کا اشتراک کر سکتے ہیں۔

اشتہارات کی ترتیبات پر جائیں

## کارکردگی کی پیمائش کریں

ہم اپنی سروسز کے استعمال کا طریقہ سمجھنے کے لئے تجزیہ اور پیمائش کے لئے ڈیٹا استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، ہم پروڈکٹ ڈیزائن کو بہترین بنانے جیسی چیزیں کرنے کے لئے اپنی سائٹس پر آپ کے ملاحظات کے بارے میں ڈیٹا کا تجزیہ کرتے ہیں۔ اور آپ جن اشتہارات کے ساتھ تعامل کرتے ہیں، ہم ان کے بارے میں بھی ڈیٹا کا استعمال کرتے ہیں تاکہ مشتہرین کو اپنی تشہیری مہمات کی کارکردگی سمجھنے میں مدد مل سکے۔ ہم ایسا کرنے کے لئے Google Analytics سمیت متعدد ٹولز کا استعمال کرتے ہیں۔ جب آپ Google Analytics استعمال کرنے والی سائٹس ملاحظہ کرتے ہیں تو Google اور Google Analytics کسٹمر اس سائٹ سے آپ کی سرگرمی کی بارے میں معلومات کو دیگر ان سائٹس کی سرگرمی سے لنک کر سکتے ہیں جو ہماری تشہیری سروسز استعمال کرتی ہیں۔

## آپ کے ساتھ بات چیت

آپ کے ساتھ براہ راست تعامل کرنے کے لئے ہم آپ کے ای میل پتہ جیسی جمع کی جانے والی معلومات استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر ہمیں مشکوک سرگرمی جیسے کہ غیر معمول مقام سے آپ کے Google اکاؤنٹ میں سائن ان کرنے کی کوشش کا پتہ چلتا ہے تو ہم آپ کو ایک اطلاع بھیج سکتے ہیں۔ یا ہم اپنی سروسز میں آئندہ کی بہتریوں یا تبدیلیوں کے بارے میں آپ کو اطلاع دے سکتے ہیں۔ اور اگر آپ Google سے رابطہ کرتے ہیں تو ہم آپ کو پیش آنے والے کسی بھی مسئلہ کو حل کرنے میں مدد کرنے کے لئے آپ کی درخواست کا ایک ریکارڈ رکھیں گے۔

## Google، ہمارے صارفین اور عوام کی حفاظت کریں

ہم اپنی سروسز کے تحفظ اور اعتماد کو بہتر بنانے میں مدد کے لئے معلومات کا استعمال کرتے ہیں۔ اس میں ان دھوکے، بیجا استعمال، سیکیورٹی کے خطرات اور تکنیکی مسائل کا پتہ لگانا، روکنا اور ان کا جواب دینا شامل ہے جو Google، ہمارے صارفین اور عوام کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

ہم ان مقاصد کے لئے آپ کی معلومات پر کارروائی کرنے کے لئے مختلف ٹیکنالوجیز کا استعمال کرتے ہیں۔ ہم خودکار سسٹمز کا استعمال کرتے ہیں جو آپ کو آپ کے ہماری سروس کے طریقہ استعمال کے مطابق حسب ضرورت تلاش کے نتائج، ذاتی نوعیت کے اشتہارات یا دیگر خصوصیات جیسی چیزیں فراہم کرنے کے لئے آپ کے مواد کا تجزیہ کرتے ہیں۔ اور ہم بیجا استعمال کا پتہ لگانے کے لئے آپ کے مواد کا تجزیہ کرتے ہیں، جیسے کہ سپیم، میلوئیر اور غیر قانونی مواد۔ ہم ڈیٹا میں پیٹرنز کی شناخت کرنے کے لئے الگورتھمز کا بھی استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، Google ترجمہ ان فقروں میں زبان کے عام پیٹرنز کا پتہ لگا کر جن کا ترجمہ آپ اس سے پوچھتے ہیں، مختلف زبانوں میں لوگوں کی مواصلات کرنے میں مدد کرتا ہے۔

ہم اوپر مذکورہ مقاصد کے لئے آپ کے آلات پر اور اپنی سروسز میں اپنی جمع کردہ معلومات کو یکجا کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ YouTube پر گٹار بجانے والوں کی ویڈیوز دیکھتے ہیں، تو آپ کو گٹار کے اسباق کے لئے اس سائٹ پر اشتہار نظر آ سکتا ہے جو ہمارے تشہیری پروڈکٹس کا استعمال کرتی ہے۔ آپ کے اکاؤنٹ کی ترتیبات کی بنیاد پر، Google سروسز اور Google کی جانب سے فراہم کئے جانے والے اشتہارات کو بہتر بنانے کیلئے ممکن ہے کہ دیگر سائٹس اور ایپس پر آپ کی سرگرمی کو آپ کی ذاتی معلومات سے وابستہ کر دیا جائے۔

اگر دیگر صارفین کے پاس پہلے سے آپ کا ای میل پتہ، یا آپ کی شناخت کرنے والی دیگر معلومات ہیں تو ہم انہیں عوامی طور پر مرئی آپ کی Google اکاؤنٹ کی معلومات، جیسے آپ کا نام اور تصویر دکھا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اس سے آپ کی ای میل شناخت کرنے میں اس سے لوگوں کو مدد ملتی ہے۔

ہم کسی ایسے مقصد کے لئے آپ کی معلومات استعمال کرنے سے پہلے آپ کی رضامندی طلب کریں گے جو رازداری کی اس پالیسی میں مذکور نہیں ہے۔

---

آپ کی رازداری کے کنٹرولز

## ہمارے پاس جمع کی جانے والی معلومات اور اس کے استعمال کے طریقہ کے بارے میں آپ کے پاس اختیارات ہیں

یہ سیکشن ہماری سروسز میں آپ کی رازداری کا نظم کرنے کے لئے کلیدی کنٹرولز کی وضاحت کرتا ہے۔ آپ رازداری چیک اپ بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں جو اہم رازداری کی ترتیبات کا جائزہ لینے اور ایڈجسٹ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ ان ٹولز کے علاوہ، ہم اپنے پروڈکٹس میں خاص رازداری کی ترتیبات بھی پیش کرتے ہیں — آپ ہماری پروڈکٹ کی رازداری کی گائیڈ میں مزید جان سکتے ہیں۔

---


رازداری کے چیک اپ پر جائیں

---

## آپ کی معلومات کا نظم، جائزہ اور اپ ڈیٹ کرنا

جب آپ سائن ان ہوں تو آپ اپنی استعمال کی جانے والی سروسز ملاحظہ کر کے ہمیشہ معلومات کا جائزہ لے سکتے ہیں اور اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، تصاویر اور Drive دونوں کو اس لئے بنایا گیا ہے تاکہ آپ کو Google میں آپ کے محفوظ کردہ مواد کی خاص اقسام کا نظم کرنے میں مدد ملے۔

ہم نے آپ کے Google اکاؤنٹ میں محفوظ کردہ معلومات کا جائزہ لینے اور کنٹرول کرنے کے لئے بھی ایک جگہ بنائی ہے۔ آپ کا Google اکاؤنٹ مندرجہ ذیل پر مشتمل ہے:

## رازداری سے متعلق کنٹرولز

### سرگرمی سے متعلق کنٹرولز

متعین کریں کہ کس طرح کی سرگرمی کو آپ اپنے اکاؤنٹ میں محفوظ کرنا چاہیں گے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ اپنے روزانہ کے سفر کے لئے ٹریفک کی پیشین گوئیاں چاہتے ہیں تو آپ مقام کی سرگزشت آن کر سکتے ہیں یا بہتر ویڈیو کی تجاویز حاصل کرنے کے لئے YouTube کے دیکھنے کی سرگزشت محفوظ کر سکتے ہیں۔

سرگرمی کنٹرولز پر جائیں

---

### اشتہار کی ترتیبات

اشتہارات دکھانے کے لئے Google کے ساتھ شراکت کرنے والی ایپس اور سائٹس پر اور Google پر آپ کو دکھائے جانے والے اشتہارات کے بارے میں اپنی ترجیحات کا نظم کریں۔ آپ اپنی دلچسپیوں میں ترمیم کر سکتے ہیں، منتخب کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کی ذاتی معلومات کا استعمال آپ کے لئے مزید متعلقہ اشتہارات بنانے کے لئے استعمال کیا جائے اور خاص تشہیری سروسز کو آن یا آف کر سکتے ہیں۔

اشتہارات کی ترتیبات پر جائیں

---

### آپ کے بارے میں

اس معلومات کو کنٹرول کریں جو دوسرے لوگ آپ کے بارے میں Google سروسز پر دیکھتے ہیں۔

"آپ کے بارے میں" پر جائیں

---

### اشتراک کردہ تائیدات

منتخب کریں کہ آیا آپ کا نام اور تصویر آپ کی سرگرمی کے آگے نظر آتی ہے جیسے کہ اشتہارات میں نظر آنے والے جائزے اور تجاویز۔

اشتراک کردہ تائیدات پر جائیں

---

### معلومات جس کا آپ اشتراک کرتے ہیں

کنٹرول کریں کہ آپ کس کے ساتھ Google+ پر اپنے اکاؤنٹ کے ذریعے معلومات کا اشتراک کرتے ہیں۔

اپنی اشتراک کی جانے والی معلومات پر جائیں

## اپنی معلومات کا جائزہ لینے اور اپ ڈیٹ کرنے کے طریقے

### میری سرگرمی

میری سرگرمی آپ کو اس ڈیٹا کا جائزہ لینے اور کنٹرول کرنے کی اجازت دیتی ہے جو اس وقت تیار ہوتا ہے جب آپ Google سروسز کا استعمال کرتے ہیں، جیسے کہ وہ تلاشیاں جو آپ نے کی ہیں یا Google Play پر آپ کے ملاحظات۔ آپ تاریخ اور موضوع کے لحاظ سے براؤز کرسکتے ہیں، اور اپنی بعض یا سبھی سرگرمی کو حذف کر سکتے ہیں۔

میری سرگرمی پر جائیں

### Google ڈیش بورڈ

Google ڈیش بورڈ سے آپ مخصوص پروڈکٹس سے وابستہ اپنی معلومات کا نظم کر سکتے ہیں۔

ڈیش بورڈ پر جائیں

### آپ کی ذاتی معلومات

اپنے رابطہ کی معلومات کا نظم کریں جیسے کہ آپ کا نام، ای میل اور فون نمبر۔

ذاتی معلومات پر جائیں

سائن آؤٹ ہونے پر آپ اپنے براؤزر یا آلہ سے وابستہ معلومات کا نظم کر سکتے ہیں، بشمول:

- سائن آؤٹ کردہ تلاش کی نوعیت سازی: منتخب کریں کہ آیا آپ کو مزید متعلقہ نتائج اور تجاویز فراہم کرنے کے لئے آپ کی تلاش کی سرگرمی کا استعمال کیا جائے یا نہیں۔
- YouTube کی ترتیبات: اپنی YouTube تلاش کی سرگزشت اور YouTube دیکھنے کی سرگزشت روکیں اور حذف کریں۔
- اشتہار کی ترتیبات: اشتہارات دکھانے کے لئے Google کے ساتھ شراکت کرنے والی ایپس اور سائٹس پر اور Google پر آپ کو دکھائے جانے والے اشتہارات کے بارے میں اپنی ترجیحات کا نظم کریں۔

## اپنی معلومات برآمد کرنا، ہٹانا اور حذف کرنا

اگر آپ بیک اپ لینا چاہتے ہیں یا Google سے باہر کسی سروس کے ساتھ استعمال کرنا چاہتے ہیں تو آپ اپنے Google اکاؤنٹ میں مواد کی کاپی بر آمد کر سکتے ہیں۔

---

اپنا ڈیٹا بر آمد کریں

---

آپ قابل اطلاق قانون کی بنیاد پر مخصوص Google سروسز سے مواد ہٹانے کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔

اپنی معلومات حذف کرنے کے لئے آپ درج ذیل چیزیں کر سکتے ہیں:

- مخصوص Google سروسز سے اپنا مواد حذف کریں
- میری سرگرمی کے استعمال کے ذریعے اپنے اکاؤنٹ سے خاص آئٹمز تلاش کریں اور پھر حذف کریں
- خاص Google کے پروڈکٹس حذف کریں، بشمول ان پروڈکٹس سے وابستہ آپ کی معلومات
- اپنے پورے Google اکاؤنٹ کو حذف کریں

---

اپنی معلومات کو حذف کریں

---

اور بالآخر، اگر آپ غیر متوقع طور پر اپنا اکاؤنٹ استعمال کرنے سے قاصر ہیں تو غیر فعال اکاؤنٹ مینیجر آپ کو کسی اور کے لئے اپنے Google اکاؤنٹ کے اجزاء تک رسائی دینے کی اجازت دیتا ہے۔

---

چاہے آپ Google اکاؤنٹ میں سائن ان ہوں یا نہ ہوں تب بھی Google کی طرف سے جمع کی جانے والی معلومات کنٹرول کرنے کے لئے دیگر طریقے ہیں، بشمول:

- براؤزر کی ترتیبات: مثال کے طور پر، آپ یہ نشاندہی کرنے کے لئے کہ کب Google نے آپ کے براؤزر میں کوکی سیٹ کی ہے، آپ اپنا براؤزر ترتیب دے سکتے ہیں۔ آپ کسی خاص ڈومین یا سبھی ڈومینز سے سبھی کوکیز کو مسدود کرنے کے لئے اپنا براؤزر ترتیب دے سکتے ہیں۔ لیکن یاد رکھیں کہ ہماری سروسز آپ کی زبان کی ترجیحات کو یاد رکھنے جیسی چیزوں کے لئے مناسب طور پر کام کرنے کے لئے کوکیز پر منحصر ہوتی ہیں۔
- آلہ کی سطح کی ترتیبات: آپ کے آلے کے پاس ایسے کنٹرولز ہو سکتے ہیں جو یہ تعین کرتے ہیں کہ ہم کیا معلومات جمع کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ اپنے Android آلے پر مقام کی ترتیبات میں ترمیم کر سکتے ہیں۔

## جب آپ اپنی معلومات کا اشتراک کرتے ہیں

ہماری بہت ساری سروسز آپ کو دوسرے لوگوں کے ساتھ معلومات کا اشتراک کرنے دیتی ہیں اور آپ کو اشتراک کرنے کے طریقہ پر کنٹرول حاصل ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر، آپ YouTube پر ویڈیوز کا عوامی طور پر اشتراک کر سکتے ہیں یا آپ اپنی تصاویر کو خفیہ رکھنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ جب آپ عوامی طور پر معلومات کا اشتراک کرتے ہیں تو Google تلاش سمیت سرچ انجنز کے ذریعے آپ کا مواد قابل رسائی ہو سکتا ہے۔

جب آپ سائن ان ہوتے ہیں اور کچھ Google کی سروسز کے ساتھ تعامل کرتے ہیں جیسے کہ YouTube ویڈیو پر تبصرے کرنا یا Play میں کسی گانے کا جائزہ لینا، تو آپ کا نام اور تصویر آپ کی سرگرمی کے سامنے ظاہر ہوتی ہے۔ ہم آپ کی اشتراک کردہ تائیدات کی ترتیبات کی بنیاد پر اشتہارات میں بھی یہ معلومات دکھا سکتے ہیں۔

## جب Google آپ کی معلومات کا اشتراک کرتا ہے

ہم Google سے باہر کی کمپنیوں، تنظیموں یا افراد کے ساتھ آپ کی ذاتی معلومات کا اشتراک نہیں کرتے ہیں سوائے مندرجہ ذیل چند حالات میں:

### آپ کی منظوری سے

آپ کی رضامندی حاصل ہونے پر ہم Google سے باہر آپ کی ذاتی معلومات کا اشتراک کریں گے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کسی سواری کا اشتراک کرنے والی سروس سے سواری کی درخواست کرنے کے لئے Google Home کا استعمال کرتے ہیں تو ہم اس سروس کے ساتھ آپ کے پتہ کا اشتراک کرنے سے پہلے آپ کی اجازت حاصل کریں گے۔ کسی حساس ذاتی معلومات کا اشتراک کرنے کے لئے ہم آپ کی واضح منظوری طلب کریں گے۔

### ڈومین کے منتظمین کے ساتھ

اگر آپ طالبعلم ہیں یا کسی ایسی تنظیم کے لئے کام کرتے ہیں جو Google سروسز (جیسے کہ G Suite) کا استعمال کرتی ہے تو آپ کے ڈومین کا منتظم اور باز فروشند گان جو آپ کے اکاؤنٹ کا نظم کرتے ہیں ان کو آپ کے Google اکاؤنٹ تک رسائی حاصل ہوگی۔ وہ درجہ ذیل چیزیں کر سکتے ہیں:

- آپ کے اکاؤنٹ میں اسٹور کردہ معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور انہیں برقرار رکھ سکتے ہیں جیسے کہ آپ کی ای میل
- آپ کے اکاؤنٹ کے اعداد و شمار دیکھ سکتے ہیں جیسے کہ کتنی ایپس آپ نے انسٹال کی ہیں
- آپ کے اکاؤنٹ کا پاس ورڈ تبدیل کرسکتے ہیں

- آپ کی اکاؤنٹ تک رسائی معطل یا منسوخ کر سکتے ہیں
- قابل اطلاق قانون، ضابطہ ، قانونی کارروائی یا قابل نفاذ سرکاری درخواست پوری کرنے کے واسطے آپ کے اکاؤنٹ کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں
- آپ کی رازداری کی ترتیبات یا آپ کی معلومات حذف کرنے یا ان میں ترمیم کرنے کی آپ کی صلاحیت محدود کر سکتے ہیں

## خارجی کارروائی کیلئے

ہم ذاتی معلومات اپنے ملحقہ اداروں اور دیگر بھروسہ مند کاروبار یا اشخاص کو ہماری ہدایات کی بناء پر اور ہماری رازداری کی پالیسی اور رازداری اور سیکیورٹی کے کسی دیگر مناسب اقدامات کی تعمیل میں اس پر کارروائی کرنے کیلئے فراہم کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، کسٹمر سپورٹ کے حوالہ سے مدد کے لئے ہم سروس فراہم کنندگان کا استعمال کرتے ہیں۔

## قانونی وجوہات کیلئے

اگر ہمیں نیک نیتی سے ایسا لگتا ہے کہ معلومات کی رسائی، استعمال، تحفظ یا افشاء معقول طور پر درجہ ذیل کے لئے ضروری ہے تو ہم Google سے باہر ذاتی معلومات کا اشتراک کریں گے:

- کسی بھی قابل اطلاق قانون، ضابطے، قانونی کاروائی یا قابل نفاذ سرکاری درخواست پر عمل درآمد کرنے کیلئے۔ ہم اپنی شفافیت کی رپورٹ میں حکومتوں سے موصول ہونے والی درخواستوں کی اقسام اور تعداد کے بارے میں معلومات کا اشتراک کرتے ہیں۔
- قابل اطلاق سروس کی شرائط، بشمول امکانی خلاف ورزیوں کی چھان بین بروئے کار لانے کیلئے۔
- دھوکہ، سیکیورٹی یا تکنیکی مسائل کا پتہ لگانے، روکنے، یا بصورت دیگر ان کا ازالہ کرنے کیلئے۔
- Google، ہمارے صارفین یا عوام کے حقوق، املاک یا سلامتی کو لاحق نقصان سے تحفظ فراہم کرنے کیلئے جیسا کہ قانون کے ذریعہ مطلوب یا مجاز ہے۔

ہم ذاتی طور پر ناقابل شناخت معلومات کا اشتراک عوامی طور پر اور اپنے پارٹنرز — جیسے کہ ناشرین، مشتہرین ڈیولپرز یا حقوق کے حاملین کے ساتھ کرسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، ہم اپنی سروسز کے عام استعمال کے بارے میں رجحانات دکھانے کے لئے عوامی طور پر معلومات کا اشتراک کرتے ہیں۔ ہم کوکیز یا ملتی جلتی ٹیکنالوجیز کا استعمال کرنے والے خاص پارٹنرز کو تشہیر اور پیمائش کے مقاصد کے لئے آپ کے آلہ یا براؤزر سے معلومات جمع کرنے کی بھی اجازت دیتے ہیں۔

اگر Google کسی انضمام، حصول ملکیت یا اثاثوں کی فروخت میں شامل ہے تو، ہم آپ کی ذاتی معلومات کی رازداری کو یقینی بناتے رہیں گے اور ذاتی معلومات منتقل کیے جانے یا مختلف رازداری کی پالیسی کے ساتھ مشروط ہونے سے قبل متاثر صارفین کو نوٹس دیں گے۔

## ہم آپ کی معلومات کی حفاظت کے لئے اپنی سروسز میں سیکیورٹی بناتے ہیں

Google کے سبھی پروڈکٹس مضبوط سیکیورٹی کی خصوصیات سے تیار ہوتے ہیں جو مسلسل آپ کی معلومات کی حفاظت کرتی ہیں۔ اپنی سروسز سے ہمیں حاصل ہونے والی بصیرتیں سیکیورٹی کے خطرات کا پتہ لگانے اور آپ تک پہنچنے سے انہیں خودکار طور پر روکنے میں ہماری مدد کرتی ہیں۔ اور اگر ہمیں کسی خطرناک چیز کے بارے میں پتہ لگتا ہے جو ہمارے خیال سے آپ کو معلوم ہونی چاہئے، تو ہم آپ کو مطلع کریں گے اور بہتر حفاظت کے لئے سبھی اقدامات پورا کرنے میں آپ کی مدد کریں گے۔

ہم اپنے پاس رکھی ہوئی معلومات تک غیر مجاز رسائی تبدیلی، اس کے افشاء یا اس کی تخریب سے Google اور آپ کی حفاظت کرنے کے لئے سخت محنت کرتے ہیں، بشمول:

- منتقلی کے دوران ہم آپ کے ڈیٹا کو خفیہ رکھنے کے لئے اینکرپشن کا استعمال کرتے ہیں
- ہم آپ کے اکاؤنٹ کی حفاظت کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لئے بہت سی سیکیورٹی کی خصوصیات فراہم کرتے ہیں جیسے کہ محفوظ براؤزنگ، سیکیورٹی چیک اپ اور 2 قدمی توثیق
- ہم اپنے سسٹمز تک غیر مجاز رسائی روکنے کیلئے، معلومات کی اپنی جمع آوری، اسٹوریج اور کارروائی کرنے کے طریقے، بشمول جسمانی سیکیورٹی کے اقدامات کا جائزہ لیتے ہیں
- ہم ان Google کے ملازمین، ٹھیکیداروں اور ایجنٹس تک ذاتی معلومات کی رسائی کو روک دیتے ہیں جن کو کارروائی کرنے کے لئے اس معلومات کی ضرورت ہوتی ہے۔ جس کے بھی پاس یہ رسائی ہوگی وہ سخت معاہدہ جاتی رازداری کی ذمہ داریوں کے ساتھ مشروط ہوتا ہے اور اگر یہ ذمہ داریاں پوری کرنے میں وہ ناکام رہتے ہیں تو ان پر تادیبی کارروائی کی جا سکتی ہے یا معطل کیا جا سکتا ہے۔

---

آپ کی معلومات برآمد کرنا اور حذف کرنا

# آپ اپنی معلومات کی کاپی برآمد کر سکتے ہیں یا کسی بھی وقت اپنے Google اکاؤنٹ سے اسے حذف کر سکتے ہیں

اگر آپ بیک اپ لینا چاہتے ہیں یا Google سے باہر کسی سروس کے ساتھ استعمال کرنا چاہتے ہیں تو آپ اپنے Google اکاؤنٹ میں مواد کی کاپی برآمد کر سکتے ہیں۔

---

اپنا ڈیٹا برآمد کریں

---

اپنی معلومات حذف کرنے کے لئے آپ درج ذیل چیزیں کر سکتے ہیں:

- مخصوص Google سروسز سے اپنا مواد حذف کریں

- میری سرگرمی کے استعمال کے ذریعے اپنے اکاؤنٹ سے خاص آئٹمز تلاش کریں اور پھر حذف کریں
- خاص Google کے پروڈکٹس حذف کریں، بشمول ان پروڈکٹس سے وابستہ آپ کی معلومات
- اپنے پورے Google اکاؤنٹ کو حذف کریں

---

اپنی معلومات کو حذف کریں

---

کچھ معاملات میں، ہم محدود مدت کے لئے ڈیٹا برقرار رکھتے ہیں جب اسے قانونی مقاصد یا جائز کاروبار کے لئے رکھے جانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ Google کی ڈیٹا برقرار رکھنے کی مدت کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں، بشمول یہ کہ آپ کی معلومات حذف کرنے میں ہمیں کتنا وقت لگتا ہے۔

ہم یہ یقینی بنانے کی کوشش کرتے ہیں کہ ہماری سروسز اتفاقی یا ضرر رساں حذف سے معلومات کی حفاظت کرتی ہیں۔ اس وجہ سے ان دونوں چیزوں میں تاخیر ہو سکتی ہے کہ کب آپ کچھ حذف کرتے ہیں اور کب کاپیاں ہمارے فعال اور بیک اپ سسٹمز سے حذف ہوتی ہیں۔

---

ریگولیٹرز کے ساتھ تعاون اور تعمیل

ہم باقاعدہ طور پر رازداری کی اس پالیسی کا جائزہ لیتے ہیں اور یقینی بناتے ہیں کہ ہم آپ کی معلومات پر ایسے طریقوں سے کارروائی کریں جو رازداری کی پالیسی کی تعمیل کرتے ہوں۔

## ڈیٹا کی منتقلیاں

ہم دنیا بھر میں سرورز برقرار رکھتے ہیں اور جہاں آپ رہتے ہیں اس ملک کے باہر کے سرورز پر آپ کی معلومات پر کارروائی کی جا سکتی ہے۔ ڈیٹا کے تحفظ کے قوانین ہر ملک میں الگ ہوتے ہیں، کچھ ممالک دوسرے سے زیادہ تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ اس بات سے قطع نظر کہ آپ کی معلومات پر کہاں کارروائی ہوتی ہے، ہم وہی تحفظات فراہم کرتے ہیں جو اس پالیسی میں بیان کی گئی ہیں۔ ہم ڈیٹا کے ٹرانسفر سے متعلق خاص قانونی فریم ورکس کی بھی تعمیل کرتے ہیں، جیسے کہ EU-US اور Swiss-US Privacy Shield Frameworks۔

ہمیں باضابطہ تحریری شکایات موصول ہونے پر، ہم شکایت کنندہ سے رابطہ کر کے جواب دیتے ہیں۔ آپ کے ڈیٹا کی منتقلی کے سلسلے میں کسی بھی ایسی شکایت کو حل کرنے کیلئے جسے ہم براہ راست آپ کے ساتھ حل نہیں کرسکتے، ہم مناسب ریگولیٹری حکام، بشمول ڈیٹا کے تحفظ کے مقامی حکام کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

## یوروپی ضروریات

اگر یوروپی یونین (EU) ڈیٹا تحفظ کا قانون آپ کی معلومات کی کارروائی پر لاگو ہوتا ہے تو ہم اس رازداری میں وضاحت کردہ کنٹرولز فراہم کرتے ہیں تاکہ آپ اپنی معلومات کی کارروائی تک رسائی کی درخواست کرنے، اپ ڈیٹ، ہٹانے اور محدود کرنے کے لئے اپنا حق استعمال کر سکیں۔ اپنی معلومات کی کارروائی اور اپنی معلومات کو دوسری سروس پر برآمد کرنے پر اعتراض کرنے کا بھی حق آپ رکھتے ہیں۔

ہم اس پالیسی میں وضاحت کردہ مقاصد کے لئے مندرجہ ذیل قانونی وجوہات کی بنیاد پر آپ کی معلومات پر کارروائی کرتے ہیں:

### آپ کی منظوری سے

ہم خاص مقاصد کے لئے آپ کی معلومات پر کارروائی کرنے کے لئے آپ کا اقرار نامہ بھی طلب کرتے ہیں اور آپ کے پاس کسی بھی وقت اپنی رضامندی سے دستبردار ہونے کا حق ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر، ہم آپ کو ذاتی نوعیت کی سروسز جیسے کہ اشتہارات فراہم کرنے کے لئے آپ کی منظوری طلب کرتے ہیں۔ ہم اسپیچ کی شناخت کے لئے آپ کی آواز اور آڈیو سرگرمی جمع کرنے کے لئے بھی آپ کی منظوری طلب کرتے ہیں۔ آپ اپنے Google اکاؤنٹ میں ان ترتیبات کا نظم کر سکتے ہیں۔

### جب ہم قانونی مفادات کی پیروی کرتے ہیں

ہم آپ کی رازداری کی حفاظت کرنے والے مناسب حفاظتی اقدامات لاگو کرنے کے دوران اپنے اور فریق ثالث کے جائز مفادات کے لئے آپ کی معلومات پر کارروائی کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم مندرجہ ذیل جیسی چیزوں کے لئے آپ کی معلومات پر کارروائی کرتے ہیں:

- اپنے صارفین کی ضروریات پورا کرنے کے لئے اپنی سروسز فراہم کرنا، برقرار رکھنا اور بہتر بنانا
- اپنے صارفین کے لئے مفید خصوصیات اور پروڈکٹس تیار کرنا
- اپنی سروسز کی کارکردگی بہتر کرنے اور یقینی بنانے کے لئے یہ سمجھنا کہ لوگ کس طرح ہماری سروسز کا استعمال کرتے ہیں
- آپ کو بہتر صارفی تجربہ فراہم کرنے کے لئے اپنی سروسز کو حسب ضرورت بنانا
- اپنی سروسز کے بارے میں صارفین کو مطلع کرنے کے لئے مارکیٹنگ کرنا
- صارفین کے لئے اپنی بہت ساری سروسز کو مفت میں دستیاب بنانے کے لئے اشتہار فراہم کرنا
- دھوکہ، سیکیورٹی یا ہماری سروسز کے تکنیکی مسائل کا پتہ لگانا، روکنا، یا بصورت دیگر ان کا ازالہ کرنا
- Google، ہمارے صارفین یا عوام کے حقوق، املاک یا تحفظ کو لاحق نقصان سے تحفظ فراہم کرنا جیسا کہ قانون کے ذریعہ مطلوب یا مجاز ہے

- ہمارے صارفین کے لئے سروسز بہتر بنانے والی اور عوام کے لئے فائدہ پہنچانے والی تحقیق انجام دینا
- حقوق کے حاملین اور ڈیولپرز جیسے پارٹنرز کی ضروریات پوری کرنا
- قانونی دعوے نافذ کرنا، بشمول قابل اطلاق سروس کی شرائط کی ممکنہ خلاف ورزیوں کی تحقیق

## جب ہم کوئی سروس فراہم کرتے ہیں

ایک معاہدے کے تحت ہم آپ کی طلب کردہ سروس فراہم کرنے کے لئے آپ کے ڈیٹا پر کارروائی کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، جب آپ Google Drive کے لئے اضافی اسٹوریج خریدتے ہیں تو ہم آپ کی ادائیگی کی معلومات پر کارروائی کرتے ہیں۔

## جب ہم قانونی ذمہ داریوں کی تعمیل کرتے ہیں

ہم آپ کے ڈیٹا پر کارروائی کریں گے جب ہمیں ایسا قانونی طور پر کرنا ہوگا، مثال کے طور پر، اگر ہم قانونی کارروائی یا قابل نفاذ حکومتی درخواست کا جواب دے رہے ہوں۔

---

اگر آپ کے پاس سوالات ہیں تو آپ Google اور ہمارے ڈیٹا تحفظ کے دفتر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اور اگر مقامی قانون کے تحت حقوق کے حوالے سے آپ کو تشویش ہے تو آپ مقامی ڈیٹا تحفظ کے حکام سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

---

اس پالیسی کے بارے میں

# یہ پالیسی کب لاگو ہوتی ہے

اس رازداری کی پالیسی کا اطلاق Google LLC، اور اس کے ملحقہ اداروں، بشمول YouTube, Android اور فریق ثالث کی طرف سے پیش کردہ سبھی سروسز جیسے کہ تشہیر کی سروسز پر ہوتا ہے۔ یہ رازداری کی پالیسی علیحدہ رازداری کی پالیسیاں رکھنے والی ان سروسز پر لاگو نہیں ہوتی ہے جن میں یہ رازداری کی پالیسی شامل نہیں ہے۔

رازداری کی یہ پالیسی مندرجہ ذیل پر لاگو نہیں ہوتی ہے:

- دیگر کمپنیوں اور تنظیموں کے معلوماتی طریقے جو ہماری سروسز کی تشہیر کرتی ہیں
- دیگر کمپنیوں یا افراد کی پیش کردہ سروسز، بشمول ایسے پروڈکٹس یا سائٹس جو Google سروسز پر مشتمل ہو سکتی ہیں، آپ کو تلاش کے نتائج میں نظر آ سکتی ہیں یا ہماری سروسز سے لنک کی جا سکتی ہیں

## اس پالیسی میں تبدیلیاں

ہم اس رازداری کی پالیسی میں وقتاً فوقتاً تبدیلی کرتے ہیں۔ ہم آپ کی واضح منظوری کے بغیر اس رازداری کی پالیسی کے تحت آپ کے حقوق کم نہیں کریں گے۔ ہم ہمیشہ آخری تبدیلیوں کے شائع ہونے کی تاریخ کے بارے میں بتاتے ہیں اور آپ کے جائزہ کے لئے آرکائیو کردہ ورژنز تک رسائی فراہم کرتے ہیں۔ اگر تبدیلیاں اہم ہیں تو ہم مزید ممتاز نوٹس فراہم کریں گے (بشمول، خاص سروسز، رازداری کی پالیسی کی تبدیلیوں کی ای میل کی اطلاع کے لئے)۔

متعلقہ رازداری کے ضوابط

## خاص Google سروسز

مندرجہ ذیل رازداری کے نوٹس Google کی کچھ سروسز کے بارے میں اضافی معلومات فراہم کرتے ہیں:

- Chrome اور Chrome آپریٹنگ سسٹم
- Play کتابیں
- Payments
- Fiber
- Project Fi
- G Suite for Education
- YouTube برائے اطفال
- Family Link کے ساتھ نظم کردہ Google اکاؤنٹس

## دیگر مفید وسائل

مندرجہ ذیل لنکس ہمارے طریقوں اور رازداری کی ترتیبات کے بارے میں مزید جاننے کے لئے آپ کے لئے مفید وسائل نمایاں کرتے ہیں۔

- آپ کا Google اکاؤنٹ بہت سی ایسی ترتیبات کا مسکن ہے جنہیں آپ اپنے اکاؤنٹ کا نظم کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں
- رازداری چیک اپ آپ کے Google اکاؤنٹ کے لئے کلیدی رازداری کی ترتیبات میں آپ کی رہنمائی کرتا ہے

- Google کا حفاظتی سینٹر محفوظ رہنے کی صلاح فراہم کرتا ہے
- Google کی رازداری کی سائٹ اس بارے میں مزید معلومات فراہم کرتی ہے کہ کیسے ہم آپ کی معلومات کو خفیہ اور محفوظ رکھتے ہیں
- رازداری اور شرائط اس رازداری کی پالیسی اور ہماری سروس کی شرائط کے بارے میں مزید سیاق و سباق فراہم کرتی ہیں
- ٹیکنالوجیز اور اصول میں ذیل کے بارے میں مزید معلومات شامل ہوتے ہیں:
  - Google کوکیز کو کس طرح استعمال کرتا ہے
  - تشہیر کے لئے استعمال کی جانے والی ٹیکنالوجیز
  - تصاویر میں چہرے جیسی چیزوں کی شناخت کرنے کے لئے Google پیٹرن شناخت کا استعمال کس طرح کرتا ہے
  - ایک ایسا صفحہ جو وضاحت کرتا ہے کہ جب آپ ہمارے تشہیری، اینالیٹکس اور سوشل پروڈکٹس استعمال کرنے والی ویب سائٹس ملاحظہ کرتے ہیں تو اس وقت Google کے ساتھ کس ڈیٹا کا اشتراک کیا جاتا ہے۔
  - جب آپ ہمارے پارٹنرز کی سائٹس یا ایپس کا استعمال کرتے ہیں تب Google ڈیٹا کا استعمال کس طریقے سے کرتا ہے۔

---

## وہ اشتہارات جو آپ کو سب سے زیادہ مفید لگیں گے

مثال کے طور پر، اگر آپ YouTube پر بیکنگ کے بارے میں ویڈیوز دیکھتے ہیں تو ویب براؤز کرنے کے دوران آپ کو بیکنگ سے متعلق مزید اشتہارات نظر آسکتے ہیں۔ ہم آپ کے تخمینی مقام کا تعین کرنے کیلئے آپ کا IP پتہ بھی استعمال کر سکتے ہیں تاکہ اگر آپ "پزا" تلاش کریں تو ہم آپ کو قریبی پزا ڈیلیوری سروس کے اشتہارات دکھا سکیں۔ Google اشتہارات اور کیوں آپ کو خاص اشتہارات نظر آسکتے ہیں اس بارے میں مزید جانیں۔

## وہ لوگ جو آن لائن آپ کے لئے سب سے زیادہ اہم ہیں

مثال کے طور پر، جب آپ اپنی تحریر کی جانے والی ای میل کی بنام، سی سی یا بی سی سی فیلڈ میں کوئی پتہ ٹائپ کریں گے تو Gmail آپ کو آپ کے سب سے زیادہ رابطہ کئے جانے والے لوگوں کی بنیاد پر پتوں کی تجویز پیش کرے گا۔

## فون نمبر

اگر آپ اپنے اکاؤنٹ میں اپنا فون نمبر شامل کرتے ہیں تو آپ کی ترتیبات کی بنیاد پر مختلف مقاصد کے لئے Google سروسز پر اس کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ اپنا پاس ورڈ بھول جاتے ہیں تو آپ کے اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کرنے میں آپ کی مدد کے لئے، آپ سے منسلک ہونے اور آپ کو تلاش کرنے میں لوگوں کی مدد کے لئے اور آپ کو نظر آنے والے اشتہارات کو آپ کی خاطر مزید متعلقہ بنانے کے لئے آپ کے فون نمبر کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مزید جانیں

## ادائیگی کی معلومات

مثال کے طور پر، اگر آپ اپنے Google اکاؤنٹ میں کریڈٹ کارڈ یا ادائیگی کا دوسرا طریقہ شامل کرتے ہیں تو آپ ہماری سروسز میں چیزیں جیسے کہ Play اسٹور میں ایپس خریدنے کے لئے اس کا استعمال کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کی ادائیگی پر کارروائي کرنے کے لئے کاروباری ٹیکس ID جیسی دوسری معلومات بھی طلب کر سکتے ہیں۔ کچھ معاملات میں، ہمیں آپ کی شناخت کی توثیق کرنے کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے اور ہم ایسا کرنے کے لئے آپ کی دوسری معلومات بھی طلب کر سکتے ہیں۔

یہ توثیق کرنے کے لئے آپ عمر سے متعلق معیارات پر پورا اترتے ہیں، ہم ادائیگی کی معلومات بھی استعمال کر سکتے ہیں، مثال کے طور پر، اگر آپ غلط یوم پیدائش درج کرتے ہیں جس سے یہ معلوم ہو کہ آپ کی عمر Google اکاؤنٹ رکھنے کے لئے کافی نہیں ہے۔ مزید جانیں

## آلات

مثال کے طور پر ہم آپ کے آلات کی معلومات بھی استعمال کر سکتے ہیں تاکہ یہ فیصلہ کرنے میں آپ کو آسانی ہو کہ کوئی ایپ انسٹال کرنے یا Google Play سے خریدی جانے والی فلم دیکھنے کے لئے آپ کون سا آلہ استعمال کرنا چاہیں گے۔ ہم آپ کے اکاؤنٹ کی حفاظت کرنے میں مدد کے لئے بھی اس معلومات کا استعمال کرتے ہیں۔

## Google ایپس کے ساتھ Android آلہ

Google ایپس والے Android آلات Google یا ہمارے کسی پارٹنر کے فروخت کردہ آلات پر مشتمل ہیں اور فونز، کیمرے، گاڑیاں، ویئرایبلز اور ٹیلی ویژنز پر مشتمل ہیں۔ یہ آلات Google Play کی سروسز اور دیگر پیشگی انسٹال کردہ ایپس استعمال کرتے ہیں جن میں Gmail, Maps، آپ کے فون کا کیمرا اور فون ڈائلر، ٹیکسٹ ٹو اسپیچ تبدیلی، کی بورڈ ان پٹ اور سیکیورٹی کی خصوصیات شامل ہوتی ہیں۔

## مواد اور اشتہارات کے ساتھ ملاحظات اور تعاملات

مثال کے طور پر، ہم اشتہارات کے ساتھ ملاحظات اور تعاملات کے بارے میں معلومات جمع کرتے ہیں تاکہ ہم مشتہرین کو مجموعی رپورٹس فراہم کر سکیں، جیسے کہ ان کو بتانا کہ آیا ہم نے ان کا اشتہار کسی صفحہ پر دکھایا کہ نہیں اور اشتہار ممکنہ طور پر کسی ناظر نے دیکھا کہ نہیں۔ ہم دیگر تعاملات کی بھی پیمائش کرسکتے ہیں، جیسے کہ آپ نے کسی اشتہار کے اوپر ماؤس کس طرح سے گھمایا یا کیا آپ اس صفحہ کے ساتھ تعامل کرتے ہیں جس پر اشتہار ظاہر ہوتا ہے۔

## آپ کے Google اکاؤنٹ سے مطابقت پذیر

اگر آپ نے اپنے Google اکاؤنٹ کے ساتھ Chrome مطابقت پذیری کو فعال کیا ہے تو تبھی آپ کی Chrome کی سرگزشت آپ کے اکاؤنٹ میں محفوظ ہوتی ہے۔ مزید جانیں

## کالز کرنے اور موصول کرنے یا پیغامات بھیجنے اور موصول کرنے کے لئے سروسز

ان سروسز کی مثالیں درجہ ذیل پر مشتمل ہیں:

- علاقائی اور بین الاقوامی کالز کرنے کے لئے Google Hangouts
- کالز کرنے، متنی پیغامات بھیجنے اور صوتی میل کا نظم کرنے کے لئے Google Voice
- فون پلان کے لئے Project Fi

## آپ کے آلہ کا سینسر ڈیٹا

آپ کے آلہ میں سینسرز ہو سکتے ہیں جن کا استعمال آپ کے مقام اور حرکت کو بہتر سمجھنے کے لئے کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، ایک ایکسلیرومیٹر کو آپ کی رفتار کا تعین کرنے کیلئے اور جائرو سکوپ کو آپ کے سفر کی سمت کا پتا لگانے کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## آپ کے آلہ کی قریبی چیزوں کے بارے میں معلومات

اگر آپ Android پر Google کی مقام کی سروسز کا استعمال کرتے ہیں تو ہم آپ کے مقام پر منحصر ایپس کی کارکردگی کو بہتر کر سکتے ہیں جیسے کہ Google Maps۔ اگر آپ Google کی مقام کی سروسز کا استعمال کرتے ہیں تو آپ کا آلہ Google کو اپنے مقام، سینسرز (جیسے کہ ایکسلیرومیٹر) اورقریبی سیل ٹاورز اور Wi-Fi رسائی پوائنٹس (جیسے MAC پتہ اور سگنل کی طاقت) کے بارے میں معلومات بھیجتا ہے۔ آپ کے مقام کا تعین کرنے میں ان سب چیزوں سے مدد ملتی ہے۔ آپ Google مقام کی سروسز فعال کرنے کیلئے اپنے آلہ کی ترتیبات استعمال کرسکتے ہیں۔ مزید جانیں

## عوامی طور پر قابل رسائی ذرائع

مثال کے طور پر، ہم دیگر عوامی ذرائع سے یا عوامی طور پر آن لائن دستیاب معلومات کو جمع کر سکتے ہیں، تاکہ Google کے زبانی ماڈلز کو تربیت دینے اور Google ترجمہ جیسی خصوصیات تیار کرنے میں مدد مل سکے۔

## بیجا استعمال سے تحفظ

مثال کے طور پر، سیکیورٹی کے خطرات کی معلومات آپ کو یہ اطلاع دینے میں ہماری مدد کر سکتی ہے کہ کیا ہمارے خیال سے آپ کے اکاؤنٹ کی سیکیورٹی کو خطرہ لاحق ہوا ہے، (جس مرحلہ میں ہم آپ کے اکاؤنٹ کی حفاظت کرنے کے لئے اقدامات کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں)۔

## ان کی جانب سے تشہیر اور تحقیق کی سروسز

مثال کے طور پر، مشتہرین اپنے لائلٹی کارڈ کے پروگرامز سے ڈیٹا اپ لوڈ کر سکتے ہیں تاکہ وہ اپنی اشتہارات کی مہمات کی کارکردگی کو بہتر سمجھ سکیں۔ ہم صرف انہی مشتہرین کو مجموعی رپورٹس فراہم کرتے ہیں جو عام لوگوں کے بارے میں معلومات کا انکشاف نہیں کرتے ہیں۔

## ہماری سروسز کی فراہمی

اپنی سروسز فراہم کرنے کے لئے ہم آپ کی معلومات کیسے استعمال کرتے ہیں اس کی مثالیں درجہ ذیل پر مشتمل ہیں:

- ہم آپ کے آلہ پر تفویض کردہ IP پتہ استعمال کرتے ہیں تاکہ آپ کو آپ کا درخواست کردہ ڈیٹا بھیجا جا سکے جیسے کہ YouTube ویڈیو لوڈ کرنا
- ہم آپ کے آلہ پر موجود کوکیز میں اسٹور کردہ منفرد شناخت کاران کا استعمال کرتے ہیں تاکہ ہم یہ تصدیق کر سکیں کہ آپ ہی وہ شخص ہیں جس کو آپ کے Google اکاؤنٹ تک رسائی حاصل ہونی چاہئے
- Google تصاویر پر آپ کی اپ لوڈ کی جانے والی تصاویر اور ویڈیوز کا استعمال البمز، اینیمیشنز اور ایسی دیگر تخلیقات بنانے میں آپ کی مدد کرنے کے لئے کیا جاتا ہے جن کا آپ اشتراک کر سکتے ہیں۔ مزید جانیں
- آپ کو موصول ہونے والی پرواز کی تصدیقی ای میل کا استعمال چیک ان بٹن بنانے کے لئے کیا جا سکتا ہے جو آپ کے Gmail میں ظاہر ہوتا ہے

## یہ یقین دہانی کہ ہماری سروسز حسب تقاضہ کام کر رہی ہیں

مثال کے طور پر، مسائل کا پتہ لگانے کے لئے ہم مسلسل آپ کے سسٹمز کو مانیٹر کرتے ہیں۔ اور اگر ہم کسی خاص خصوصیت میں کوئی خرابی پاتے ہیں تو مسئلہ شروع ہونے سے پہلے جمع کردہ سرگرمی کی معلومات کا جائزہ لینے سے ہمیں چیزوں کو زیادہ جلدی سے ٹھیک کرنے میں مدد ملتی ہے۔

## اصلاحات کرنا

مثال کے طور پر، یہ تجزیہ کرنے کے لئے کیسے لوگ ہماری سروسز کے ساتھ تعامل کرتے ہیں، ہم کوکیز کا استعمال کرتے ہیں۔ اور وہ تجزیہ بہتر پروڈکٹس بنانے میں ہماری مدد کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، اس سے یہ پتہ لگانے میں ہمیں مدد مل سکتی ہے کہ لوگوں کو کوئی خاص کام کرنے میں کافی وقت لگ رہا ہے یا مراحل کو ہی پورا کرنے میں انہیں دشواری ہوتی ہے۔ پھر ہم اس خصوصیت کو دوبارہ ڈیزائن کر سکتے ہیں اور ہر کسی کے لئے پروڈکٹ کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

## حسب ضرورت تلاش کے نتائج

مثال کے طور پر، جب آپ اپنے Google اکاؤنٹ میں سائن ان ہوتے ہیں اور ویب اور ایپ سرگرمی کنٹرول کو فعال رکھتے ہیں تو آپ مزید متعلقہ تلاش کے نتائج حاصل کر سکتے ہیں جو آپ کی گزشتہ تلاشیوں اور Google کی دیگر سروسز کی سرگرمی پر مبنی ہوتے ہیں۔ آپ یہاں مزید جان سکتے ہیں۔ سائن آؤٹ ہونے کے باوجود، آپ حسب ضرورت تلاش کے نتائج بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ تلاش حسب ضرورت بنانے کی سہولت کی یہ سطح نہیں چاہتے ہیں تو آپ نجی طور پر تلاش اور براؤز کر سکتے ہیں یا سائن آؤٹ کردہ تلاش کی ذاتی نوعیت کی سہولت آف کر سکتے ہیں۔

## ذاتی نوعیت کے اشتہارات

آپ کو مشتہر کی معلومات پر بھی مبنی ذاتی نوعیت کے اشتہارات نظر آ سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ نے کسی مشتہر کی ویب سائٹ پر خریداری کی تو وہ آپ کو اشتہارات دکھانے کے لئے اس ملاحظاتی معلومات کا استعمال کر سکتا ہے۔ مزید جانیں

## حساس زمرے

آپ کو ذاتی نوعیت کے اشتہارات دکھانے کے دوران ہم ایسے موضوعات کا استعمال کرتے ہیں جو ہمارے خیال سے آپ کی سرگرمی کی بنیاد پر آپ کی دلچسپی کے مطابق ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ کو "کھانا پکانا اور پکوان" یا "ہوائی سفر" جیسی چیزوں کے اشتہارات نظر آ سکتے ہیں۔ ہم نسل، مذہب، جنسی رجحان یا صحت جیسے حساس زمروں پر مبنی ذاتی نوعیت کے اشتہارات نہیں دکھاتے ہیں یا موضوعات کا استعمال نہیں کرتے ہیں۔ اور ہم ہماری سروسز استمال کرنے والے مشتہرین سے ایسا ہی مطالبہ کرتے ہیں۔

## معلومات کو لنک کیا جا سکتا

Google Analytics فریق اول کی کوکیز پر منحصر ہے جس کا مطلب ہے کہ کوکیز کو Google Analytics کے کسٹمر کی جانب سے سیٹ کیا جاتا ہے۔ ہمارے سسٹمز کا استعمال کر کے Google Analytics کے ذریعے تیار کردہ ڈیٹا کو Google Analytics کسٹمر اور Google کی طرف سے فریق ثالث کی کوکیز سے لنک کیا جا سکتا ہے جو دیگر ویب سائٹس پر ملاحظات سے وابستہ ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر، کوئی مشتہر Google Analytics ڈیٹا کا استعمال کرنے کی خواہش کر سکتا ہے تاکہ مزید متعلقہ اشتہارات تخلیق کئے جا سکیں یا مزید اس کی ٹریفک کا تجزیہ کیا جا سکے۔ مزید جانیں

## تحفظ اور اعتماد

اپنی سروسز کو محفوظ اور قابل اعتماد بنانے میں ہم آپ کی معلومات کیسے استعمال کرتے ہیں اس کی کچھ مثالیں درجہ ذیل پر مشتمل ہیں:

- خودکار بیجا استعمال سے حفاظت کرنے کے لئے IP پتے اور کوکی ڈیٹا جمع کرنا اور ان کا تجزیہ کرنا۔ اس بیجا استعمال کی بہت ساری شکلیں ہوتی ہیں، جیسے Gmail صارفین کو سپام بھیجنا، اشتہارات پر فریب کارانہ طور پر کلک کر کے مشتہرین سے رقم چرانا یا ایک ڈسٹریبیوٹڈ ڈینائل آف سروس (DDoS) کے حملے کو شروع کر کے مواد کو سینسر کرنا۔
- Gmail میں "گزشتہ اکاؤنٹ کی سرگرمی" کی خصوصیت سے آپ کو یہ پتہ لگانے میں مدد مل سکتی ہے کہ کیا اور کب کسی نے آپ کی جانکاری کے بغیر آپ کی ای میل تک رسائی حاصل کی۔ یہ خصوصیت آپ کو Gmail میں حالیہ سرگرمی کے بارے میں معلومات

دکھاتی ہے جیسے کہ آپ کی میل تک رسائی کرنے والے IP پتے، وابستہ مقام اور رسائی کی تاریخ اور وقت۔ مزید جانیں

## بیجا استعمال کا پتہ لگانا

جب ہمیں ہماری پالیسیوں کی خلاف ورزی کرنے والے اپنے سسٹمز پر اسپامز، میلوئیر، غیر قانونی مواد اور دیگر اقسام کے بیجا استعمال کا پتہ لگتا ہے تو ہم آپ کا اکاؤنٹ غیر فعال کر سکتے ہیں یا دیگر مناسب کارروائی کر سکتے ہیں۔ کچھ معاملات میں، ہم مناسب حکام کو بھی خلاف ورزی کی اطلاع دے سکتے ہیں۔

## ہماری جمع کی جانے والی معلومات کو یکجا کرنا

ہماری جمع کی جانے والی معلومات کو ہمارے یکجا کرنے کے طریقے کی کچھ مثالیں درجہ ذیل پر مشتمل ہیں:

- جب آپ Google اکاؤنٹ میں سائن ان ہوتے ہیں یا Google پر تلاش کرتے ہیں تو آپ کو دیگر Google پروڈکٹس جیسے کہ Gmail یا Google کیلنڈر میں آپ کے مواد کی متعلقہ معلومات کے ساتھ ساتھ عوامی ویب سے تلاش کے نتائج نظر آ سکتے ہیں۔ اس میں آپ کی آئندہ پروازوں کی صورتحال، ریستوراں اور ہوٹل کے ریزرویشنز یا آپ کی تصاویر جیسی چیزیں شامل ہو سکتی ہیں۔ مزید جانیں
- اگر آپ نے Gmail کے ذریعے کسی سے مواصلت کی ہے اور انہیں Google Doc یا Google کیلنڈر میں کسی ایونٹ میں شامل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کے ان کا نام ٹائپ کرنا شروع کرنے پر Google خود بخود ان کا نام مکمل کر کے اس کو آسان بنا دیتا ہے۔ یہ خصوصیت اپنے شناسا لوگوں کے ساتھ چیزوں کا اشتراک کرنے کو آسان تر بناتی ہے۔ مزید جانیں
- Google ایپ آپ کی ترتیبات کی بنیاد پر ذاتی نوعیت کے مواد دکھانے کے لئے دیگر Google پروڈکٹس میں آپ کا اسٹور کردہ ڈیٹا استعمال کر سکتی ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کی ویب اور ایپ سرگرمی میں تلاشیاں اسٹور شدہ ہیں تو Google ایپ آپ کی سرگرمی پر مبنی اسپورٹس کے اسکورز جیسی دلچسپیوں کے بارے میں آپ کو خبروں کے مضامین اور دیگر معلومات دکھا سکتی ہے۔ مزید جانیں
- اگر آپ اپنے Google Home سے اپنا Google اکاؤنٹ لنک کرتے ہیں تو آپ Google اسسٹنٹ کے ذریعے چیزوں کو کر سکتے ہیں اور اپنی معلومات کا نظم کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ اپنے Google کیلنڈر میں ایونٹس شامل کرسکتے ہیں یا دن کے لئے اپنا شیڈول تیار کر سکتے ہیں، اپنی آئندہ کی پروازوں کے بارے میں صورتحال کے اپ ڈیٹس طلب کر سکتے ہیں یا اپنے فون پر ڈرائیونگ کی ڈائریکشنز جیسی معلومات بھیج سکتے ہیں۔ مزید جانیں

## دیگر سائٹس اور ایپس پر آپ کی سرگرمی

یہ سرگرمی آپ کی Google سروسز جیسے کہ Chrome کے ساتھ آپ کے اکاؤنٹ کی مطابقت پذیری کرنے یا Google کی پارٹنر سائٹس اور ایپس ملاحظہ کرنے سے ہو سکتی ہے۔ بہت سی ایپس اور سائٹس اپنے مواد اور سروسز کو بہتر بنانے کیلئے Google کے ساتھ پارٹنرشپ کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر ہو سکتا ہے کہ کوئی ویب سائٹ ہماری تشہیری سروسز (جیسے AdSense) یا اینالٹکس ٹولز (جیسے Google Analytics) استعمال کرے یا یہ کوئی اور مواد (جیسے YouTube سے ویڈیوز) سرایت کرے۔ یہ سروسز آپ کے اکاؤنٹ کی ترتیبات اور زیر استعمال پروڈکٹس کی بنیاد پر Google کے ساتھ آپ کی سرگرمی کے بارے میں معلومات کا اشتراک کر سکتی ہیں (مثال کے طور پر، کب کوئی پارٹنر ہماری تشہیری سروسز کے ساتھ Google Analytics کا استعمال کرتا ہے)؛ یہ ڈیٹا آپ کے ذاتی معلومات کے ساتھ وابستہ ہو سکتا ہے۔

اس بارے میںمزید جانیںکہ جب آپ ہماری پارٹنر سائٹس یا ایپس کو استعمال کرتے ہیں تو Google ڈیٹا کو کیسے استعمال کرتا ہے۔

## Google کے ساتھ شراکت کریں

2 ملین غیر Google ویب سائٹس اور ایپس ہیں جو اشتہارات دکھانے کے لئے Google کے ساتھ شراکت کرتی ہیں۔ مزید جانیں

## خاص Google سروسز

مثال کے طور پر، آپ Blogger سے اپنا بلاگ حذف کر سکتے ہیں یا Google Sites سے اپنی Google سائٹ حذف کر سکتے ہیں۔ آپ Play اسٹور میں ایپس، گیمز اور دیگر مواد پر اپنے کئے ہوئے تجزیوں کو بھی حذف کر سکتے ہیں۔

## مناسب طور پر کام کرنے کے لئے کوکیز پر اعتماد

مثال کے طور پر، ہم 'lbcs' نام کی ایک کوکی استعمال کرتے ہیں جو آپ کیلئے ایک براؤزر میں بہت ساری Google Docs کو کھولنا ممکن بناتی ہے۔ اس کوکی کو مسدود کرنے سے Google Docs توقع کے مطابق کام نہیں کرے گا۔ مزید جانیں

## قانونی کارروائی یا قابل نفاذ سرکاری درخواست

ٹیکنالوجی اور مواصلات کی دوسری کمپنیوں کی طرح، Google کو باقاعدگی سے صارف کے ڈیٹا کا افشاء کرنے کیلئے دنیا بھر کی حکومتوں اور عدالتوں سے درخواستیں موصول ہوتی ہیں۔ Google کے ساتھ آپ کے اسٹور کردہ ڈیٹا کی رازداری اور سیکیورٹی کا احترام ان قانونی درخواستوں کی تعمیل کے ہمارے طریقے کی تائید کرتا ہے۔ ہماری قانونی ٹیم نوعیت سے قطع نظر ہر ایک درخواست کا جائزہ لیتی ہے اور جب درخواست حد سے زیادہ وسیع معلوم ہوتی ہے یا صحیح عمل کی پیروی نہیں کرتی ہے تو ہم اکثر انہیں واپس لوٹا دیتے ہیں۔ ہماری شفافیت کی رپورٹ میں مزید جانیں۔

## رجحانات دکھائیں

جب بہت سارے لوگ کوئی چیز تلاش کرنا شروع کرتے ہیں تو یہ چیز اس وقت مخصوص رجحانات کے بارے میں مفید معلومات فراہم کر سکتی ہے۔ Google Trends خاص وقت کی تلاشیوں کی مقبولیت کا اندازہ لگانے کے لئے Google ویب تلاشیوں کی جانچ کرتا ہے اور ان نتائج کا مجموعی اصطلاحات میں عوامی طور پر اشتراک کرتا ہے۔ مزید جانیں

## خاص پارٹنرز

مثال کے طور پر، ہم کوکیز یا ملتی جلتی ٹیکنالوجیز کے ذریعے YouTube تخلیق کاران اور مشتہرین کو ان کی YouTube ویڈیوز یا اشتہارات کے ناظرین کے بارے میں جاننے کے لئے پیمائشی کمپنیوں کے ساتھ کام کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ ایک اور مثال، ہمارے شاپنگ کے صفحات پر موجود مرچنٹس ہیں، جو یہ سمجھنے کیلئے کوکیز استعمال کرتے ہیں کہ کتنے مختلف لوگ ان کے پروڈکٹس کی فہرستیں دیکھتے ہیں۔ ان پارٹنرز اور ان کے آپ کی معلومات استعمال کرنے کے بارے میں مزید جانیں۔

## دنیا بھر میں سرورز

مثال کے طور پر، ہم دنیا بھر میں واقع ڈیٹا سینٹرز چلاتے ہیں تاکہ ہمارے پروڈکٹس مسلسل صارفین کے لئے دستیاب ہوں۔

## فریقین ثالث

مثال کے طور پر، ہم اس بارے میں کہ حقوق کے حاملین کا مواد ہماری سروسز میں کیسے استعمال کیا گیا تھا، حقوق حاملین کو استعمال کے اعداد و شمار کی اطلاع دینے کے لئے آپ کی معلومات پر کارروائی کرتے ہیں۔ اگر لوگ آپ کا نام تلاش کرتے ہیں اور ہم آپ کے بارے میں عوامی طور پر دستیاب معلومات پر مشتمل سائٹس کے تلاش کے نتائج دکھاتے ہیں تو ہم آپ کی معلومات پر بھی کارروائی کر سکتے ہیں۔

## مناسب حفاظتی اقدامات

مثال کے طور پر، ہم ڈیٹا گمنام بنا سکتے ہیں یا اس کی مرموزکاری کر سکتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ اسے آپ کے بارے میں دوسری معلومات سے لنک نہیں کیا جا سکتا ہے۔ مزید جانیں

## یقینی بنانا اور بہتری

مثال کے طور پر، ہم اپنے اشتہارات کی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے یہ تجزیہ کرتے ہیں کہ کیسے لوگ تشہیر کے ساتھ تعامل کرتے ہیں۔

## ہماری سروسز کو حسب ضرورت بنانا

مثال کے طور پر، ہم آپ کے ملک کے خاص ایونٹ کی یادگار میں تلاش کے ہوم پیج پر Google Doodle دکھا سکتے ہیں۔

## الحاق یافتگان

ایک ملحق ادارہ ایسی اکائی ہے جس کا تعلق Google گروپ آف کمپنیز سے ہوتا ہے، جس میں درجہ ذیل وہ کمپنیاں شامل ہیں جو EU میں کسٹمر سروسز فراہم کرتی ہیں: Google Payment Corp، Google Commerce Ltd اور Google Dialer Inc۔ EU میں کاروباری سروسز فراہم کرنے والی کمپنیوں کے بارے میں مزید جانیں۔

## الگورتھم

مسئلہ حل کرنے والے آپریشنز انجام دینے میں کمپیوٹر کے ذریعے پیروی کردہ اصولوں کا مجموعہ یا کارروائی۔

## ایپلیکیشن ڈیٹا کیش

ایک ایپلیکیشن ڈیٹا کیش کسی آلہ پر ایک ڈیٹا ریپوزیٹری ہے۔ مثلاً، ایک انٹرنیٹ کنکشن کے بغیر چلانے کیلئے یہ ایک ویب ایپلیکیشن کو فعال کر سکتا ہے اور مواد کی تیز تر لوڈنگ فعال کر کے ایپلیکیشن کی کارکردگی کو بہتر بنا سکتا ہے۔

## براؤزر ویب اسٹوریج

براؤزر ویب اسٹوریج ویب سائٹس کو کسی آلہ پر کسی براؤزر میں ڈیٹا اسٹور کرنے کا اہل بناتا ہے۔ "مقامی اسٹوریج" وضع میں استعمال ہونے پر، یہ ڈیٹا کو مختلف سیشنز میں اسٹور کیے جانے کے قابل بناتا ہے۔ اس سے براؤزر کے بند ہو جانے اور دوبارہ کھولے جانے کے بعد بھی ڈیٹا بازیافت کئے جانے کے قابل ہوتا ہے۔ ویب اسٹوریج کی سہولت فراہم کرنے والی ایک ٹیکنالوجی HTML 5 ہے۔

## کوکیز اور اس جیسی ٹیکنالوجیز

کوکی حروف کے سلسلے پر مشتمل ایک چھوٹی سی فائل ہوتی ہے جو آپ کے کمپیوٹر پر اس وقت بھیجی جاتی ہے جب آپ کوئی ویب سائٹ دیکھتے ہیں۔ جب آپ دوبارہ سائٹ دیکھتے ہیں تو، کوکی اس سائٹ کو آپ کا براؤزر پہچاننے دیتی ہے۔ کوکیز میں صارف کی ترجیحات اور دیگر معلومات محفوظ ہو سکتی ہیں۔ آپ سبھی کوکیز سے منع کرنے یا کوکی کے بھیجے جانے کے وقت بتائے جانے کیلئے اپنا براؤزر کنفیگر کر سکتے ہیں۔ تاہم، ہو سکتا ہے کہ ویب سائٹ کی کچھ خصوصیات یا سروسز کوکیز کے بغیر ٹھیک سے کام نہ کریں۔ اس بارے میں مزید جانیں کہ جب آپ ہمارے پارٹنرز کی سائٹس یا ایپس کا استعمال کرتے ہیں تب Google کوکیز کا استعمال کس طریقہ سے کرتا ہے اور Google کوکیز سمیت ڈیٹا کا استعمال کیسے کرتا ہے۔

## آلہ

آلہ ایک کمپیوٹر ہے جسے Google سروسز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر ڈیسک ٹاپ کمپیوٹرز، ٹیبلیٹس، اسمارٹ اسپیکرز اور اسمارٹ فونز کو آلات سمجھا جاتا ہے۔

## غیر ذاتی قابل شناخت معلومات

یہ صارفین کے بارے میں اس طرح ریکارڈ کردہ معلومات ہوتی ہے کہ یہ انفرادی طور پر قابل شناخت صارف کے بطور مزید عکاسی یا اس کا حوالہ نہیں دیتی ہے۔

## IP پتہ

انٹرنیٹ سے منسلک ہر آلہ کو ایک نمبر تفویض کیا جاتا ہے جسے ایک انٹرنیٹ پرو ٹوکول (IP) ایڈریس کے بطور جانا جاتا ہے۔ یہ نمبرز عام طور پر جغرافیائی بلاکس میں تفویض کیے جاتے ہیں۔ ایک IP ایڈریس اکثر اس مقام کی شناخت کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے جہاں سے کوئی آلہ انٹرنیٹ سے منسلک ہوتا ہے۔

## پکسل ٹیگ

پکسل ٹیگ ایک قسم کی ٹیکنالوجی ہے جسے ویب سائٹ کے صفحہ پر یا ای میل کے مضمون میں خاص سرگرمی کا پتہ لگانے کے لئے لگایا جاتا ہے، جیسے کہ ویب سائٹ کے ملاحظات اور ای میل کھولے جانے کا وقت۔ پکسل ٹیگ کا استعمال اکثر کوکیز کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

## ذاتی معلومات

آپ ہی ہمیں وہ معلومات فراہم کرتے ہیں جس سے ذاتی طور پر آپ کی شناخت ہوتی ہے، جیسے آپ کا نام، ای میل پتہ، یا بلنگ کی معلومات، یا دیگر ڈیٹا جسے معقول حد تک Google کے ذریعے ایسی معلومات سے لنک کیا جا سکتا ہے، جیسے کہ وہ معلومات جسے ہم آپ کے Google اکاؤنٹ سے وابستہ کرتے ہیں۔

## حساس ذاتی معلومات

رازدارانہ طبی حقائق، نسل یا نسلی وابستگی، سیاسی یا مذہبی عقائد یا جنسیت جیسے موضوعات سے تعلق رکھنے والی ذاتی معلومات کا یہ ایک مخصوص زمرہ ہے۔

## سرور کے لاگز

بیشتر ویب سائٹوں کی طرح، ہماری سرورز ہماری سائٹ آپ کے دیکھنے کے وقت درخواست کردہ صفحہ خود بخود ریکارڈ کرتے ہیں۔ ان "سرروز کے لاگز" میں تمثیلی طورپر آپ کی ویب درخواست، انٹرنیٹ پرو ٹوکول پتہ، براؤزر کی قسم، براؤزر کی زبان، اور آپ کی درخواست کی تاریخ اور وقت اور ایک یا زیادہ کوکیز شامل ہوتی ہیں جو منفرد طور پر آپ کا براؤزر شناخت کرسکتی ہیں۔

"کاروں" کی تلاش کی ایک عام لاگ اینٹری حسب ذیل نظر آتی ہے:

```
- Mar/2003 10:15:32/25 - 123.45.67.89
- http://www.google.com/search?q=cars
- Firefox 1.0.7; Windows NT 5.1
740674ce2123e969
```

- 123.45.67.89 صارف کے ISP کے ذریعہ صارف کو تفویض کردہ انٹرنیٹ پرو ٹوکول پتہ ہے۔ صارف کی سروس کی بنیاد پر، صارف کے ہر بار انٹرنیٹ سے مربوط ہونے پر ان کو ان کے سروس فراہم کنندہ کے ذریعہ ایک مختلف پتہ تفویض کیا جا سکتا ہے۔

- Mar/2003 10:15:32/25 استفسار کی تاریخ اور وقت ہے۔

- http://www.google.com/search?q=cars درخواست کردہ URL ہے بشمول تلاش کا استفسار۔

- Firefox 1.0.7; Windows NT 5.1 استعمال ہونے والا براؤزر اور آپریٹنگ سسٹم ہے۔

- 740674ce2123a969 اس خاص کمپیوٹر کو، پہلی مرتبہ جب اس نے Google ملاحظہ کیا تھا تو اس وقت تفویض کردہ منفرد کوکی ID ہے۔ (کوکیز کو صارفین حذف کر سکتے ہیں۔ اگر صارف نے آخری بار Google دیکھنے کے بعد سے کوکی کو حذف کر دیا ہے، تو پھر یہ اس خاص کمپیوٹر سے اگلی بار اس صارف کے Google دیکھنے کے وقت تفویض کردہ منفرد کوکی ID ہوگی)۔

## منفرد شناخت کاران

منفرد آلہ کا شناخت کار حروف کی ایک اسٹرنگ ہوتی ہے جسے آلہ، ایپ یا براؤزر کو منفرد طور پر شناخت کرنے کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مختلف شناخت کاران اس لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں کہ وہ کس قدر مستقل ہیں، آیا انہیں صارفین کے ذریعے دوبارہ ترتیب دیا جا سکتا ہے، اور کس طرح ان تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

منفرد شناخت کاران متعدد مقاصد، بشمول سیکیورٹی اور دھوکہ کا پتہ لگانے، آپ کے ان باکس کو مطابقت پذیر بنانے جیسی سروسز، آپ کی ترجیحات کو یاد رکھنے اور ذاتی نوعیت کی تشہیر فراہم کرنے کیلئے استعمال ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، کوکیز میں اسٹور کردہ منفرد شناخت کاران آپ کے براؤزر میں مواد کو آپ کی ترجیحی زبان میں ڈسپلے کرنے میں سائٹس کی مدد کرتے ہیں۔ آپ سبھی کوکیز سے منع کرنے یا کوکی بھیجے جانے کے وقت بتائے جانے کیلئے اپنا براؤزر کنفیگر کر سکتے ہیں۔ اس بارے میں مزید جانیں کہ Google کوکیز کا استعمال کیسے کرتا ہے

براؤزر کے علاوہ دیگر پلیٹ فارمز پر منفرد شناخت کاران کا استعمال خاص آلہ یا اس آلہ پر ایپ کی شناخت کرنے کے لئے کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر، منفرد شناخت کار جیسے کہ تشہیر کی ID کا استعمال Android آلات پر متعلقہ اشتہارات فراہم کرنے کے لئے کیا جاتا ہے اور آپ کے آلہ کی ترتیبات میں اس کا نظم کیا جا سکتا ہے۔ منفرد شناخت کاران کو آلہ کے مینوفیکچرر کی طرف سے آلہ میں بھی شامل کیا جا سکتا ہے (کبھی کبھار عالمی طور پر منفرد ID یا UUID کہا جاتا ہے) جیسے موبائل فون کا IMEI نمبر۔ مثال کے طور پر کسی آلہ کے منفرد شناخت کار کا استعمال آپ کے آلہ میں ہماری سروس حسب ضرورت بنانے کے لئے یا ہماری سروسز سے وابستہ آلہ کے مسائل کا تجزیہ کرنے کے لئے کیا جا سکتا ہے۔